اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے لیے
حُبِسَتْ لَهُ الشَّمْسُ وَقْتَ صَلٰوةِ الظُّهْرِ حِیْنَ نَادَاهُ الْاَعْرَابِیُّ لِلصَّلٰوةِ
روک دیا گیا سورج نماز ظہر کے وقت میں جب کہ ندا دی انہیں اعرابی نے نماز
ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
کے لیے تین مرتبہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ضَمَّ الْیَدَ الْمَقْطُوْعَةَ لِمُعَاذِ بْنِ عَفْرَآءَ بِرِیْقِهٖ وَ
پر جنہوں نے جوڑ دیا معاذ بن عفراء کا کٹا ہوا ہاتھ لعاب دہن سے اور
اَظَلَّتِ الْحَمَامُ یَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ مِنْ فَوْقِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
سایہ فگن ہوئے کبوتر فتح مکہ کے دن آپ کے اوپر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ ضُمَّ بِهٖ یَدُ حَبِیْبِ بْنِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے طفیل جڑ گیا ہاتھ حبیب بن یساف
یَسَافٍ بَعْدَ الْاِنْقِطَاعِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
کا کٹ جانے کے بعد۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ حَمَلَ بِهٖ رَجُلٌ مَا تَحْمِلُهُ السَّفِیْنَةُ وَكَانَ لَا یَسْتَطِیْعُ
کی آل پر جن کے طفیل اٹھا لیا ایک صحابی نے اتنا بوجھ جسے کشتی اٹھاتی ہے حالانکہ پہلے نہیں طاقت رکھتا تھا ایک
حَمْلَ صَاعٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
صاع (چار سیر) کے اٹھانے کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ یَوْمَ بَدْرٍ هٰذَا ضَرْبَةُ سَوْطِ جِبْرَآئِیْلَ اٰخِذٌ بِرَاْسِ
پر جنہوں نے فرمایا بدر کے دن یہ جبرئیل کے چابک کی ضرب ہے وہ اپنے گھوڑے کے سر والے بال
فَرَسِهٖ وَعَلَیْهِ اَدَاةُ الْحَرْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
پکڑے ہوئے ہیں اور ان پر آلات جنگ ہیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور
اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَتَتْهُ عَنَزٌ حِیْنَ عَطِشَ جَیْشُهٗ فَحَلَبَهَا وَاَرْوَی
آپ کی آل پر کہ جن کی خدمت میں حاضر ہوئیں بکریاں جبکہ آپ کا لشکر پیاسا تھا تو آپ نے انہیں دوھ کر لشکر کو
الْجَیْشَ فَغَابَتْ بَعْدَ الْحَلْبِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
سیراب فرما دیا تو وہ دوہے جانے کے بعد غائب ہو گئیں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَمِعَ بِیُمْنِهٖ اَنْصَارِیٌّ یَوْمَ بَدْرٍ ضَرْبَةَ
اور آپ کی آل پر کہ جن کے یمن و برکت سے سن لی ایک انصاری نے بدر کے دن چابک کی ضرب
السَّوْطِ وَصَوْتَ فَارِسٍ یَّقُوْلُ اَقْدِمْ حَیْزُوْمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی
اور شاہسوار کی آواز جو کہتا ہے آگے بڑھ اے حیزوم (جبرئیل امین کے گھوڑے کا نام)۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَمِعَ اَصْوَاتَ اَفْرَاسِ الْمَلٰٓئِكَةِ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کی بدولت سنی ملائکہ کے گھوڑوں کی آوازیں کفار و
مِنْ اَجْلِهِ الْاَعْدَآءُ وَكَلَّمَهُ الْجَبَلَانِ ثَبِیْرٌ وَّحِرَآءُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اعداء نے اور کلام کیا ان سے کوہ ثبیر اور کوہ حراء نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ رَاٰی اَعْدَآءُهُ الْمَلٰٓئِكَةَ
فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے اعداء نے دیکھا ملائکہ کو جنگوں
فِی الْحُرُوْبِ رَاكِبِیْنَ عَلَی الْاَفْرَاسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
میں گھوڑوں پر سواری کی حالت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر
وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ وُجِدَتْ بِهِ السَّمْنُ فِیْ عُكَّةِ اُمِّ مَالِكٍ وَّقَالَ
اور آپ کی آل پر جن کی برکت سے پا لیا گھی ام مالک نے ڈبہ میں اور فرمایا

لِعَجُوْزٍ اِنَّ ابْنَكِ مُعَذَّبٌ فِی الْقَبْرِ مِنْ اَجْلِكِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ایک بڑھیا کو تیرا بیٹا عذاب دیا جائے گا قبر میں تیری وجہ سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَلَّمَ عَلَیْهِ الْمَدَرُ وَشَهِدَ

فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جن کو سلام پیش کیا ڈھیلوں نے اور گواہی دی

لَیْلَةَ الْجِنِّ بِرِسَالَتِهِ الشَّجَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جنوں کو تبلیغ فرمانے والی رات میں آپ کی رسالت کی درختوں نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ سَلَّمَتِ الْاَرْضُ عَلَیْهِ وَاٰذَنَتْهُ الشَّجَرَةُ

اور آل محمد پر جن کی خدمت میں زمین نے سلام پیش کیا اور اطلاع دی آپ کو درخت نے

بِمَجِیْءِ الْجِنِّ عَلَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

جنوں کی آمد کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آل

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَاشَكَّ بِهِ عَلِیٌّ فِی الْاَحْكَامِ وَقَالَ لِاَشْجَارٍ مُّتَفَرِّقَةٍ

محمّد پر جن کی بدولت نہ شرک و تردد ہوا حضرت علیؓ کو احکام میں اور فرمایا متفرق درختوں کو میرے لیے

اُسْتُرُوْنِیْ فَاجْتَمَعَتْ لَهٗ كَالْقُبَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پردہ بن جاؤ تو وہ قبہ کی مانند جمع ہوگئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بَدَا بِهِ الْقَحْطُ فِیْ مُضَرَ وَسَلَّمَ عَلَیْهِ الْوَبَرُ

اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی حقانیت رسالت کے اظہار کے لیے شروع ہوا قحط قبیلہ مضر میں اور سلام پیش

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ زَالَ

کیا آپ کو جنگلی بلے نے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے طفیل زائل ہوگیا

بِهِ الْقَحْطُ مِنْ مُّضَرَ وَحَدَّثَ بِاَیْمَانِ الْمُنَافِقِیْنَ قَبْلَ الْحَلْفِ وَاَخْبَرَ

قحط قبیلہ مضر سے اور بیان فرما دیا منافقین کی قسموں کو قسمیں اٹھانے سے قبل اور خبر دی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ كَانَ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمّد و آل محمّد پر کہ آنکھ خیرہ

یَبْرُقُ الْبَصَرُ مِنْ نُّوْرِ خَاتَمِ النُّبُوَّةِ بَیْنَ كَتِفَیْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

ہو جاتی تھی آپ کے مہر نبوّت کے نور سے جو آپ کے دو کندھوں کے درمیان تھی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَنْجٰی اَبَا دُجَانَةَ مِنْ عَامِرِ الدَّارِ وَلَاذَ بِهِ

محمّد پر اور آل محمّد پر جنہوں نے نجات دی ابو دجانہ کو گھر میں رہنے والے جن سے اور پناہ حاصل کی

لِلْقَتْلِ جَمَلُ جَمْعٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ بِسْمِ اللّٰهِ بِاسْمِهِ الْمُبْتَدٰی رَبِّ الْاٰخِرَةِ وَ

قتل سے ان کے ساتھ انصار کی جماعت کے اونٹ نے۔ اللہ کے نام کی برکت سے۔ اسی کے نام سے جو محل آغاز ہے، وہ مالک ہے

الْاُوْلٰی الَّذِیْ لَاغَایَةَ لَهٗ وَلَا مُنْتَهٰی لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ الْعُلٰی اَلرَّحْمٰنُ عَلَی

آخرت اور دنیا کا اس کے لیے غایت اور انتہاء نہیں ہے۔ اسی کا ہے جو بلند آسمانوں میں ہے، رحمان غالب آیا

الْعَرْشِ اسْتَوٰی لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ

عرش پر، اسی کے ملک میں ہے ہر شئی آسمانوں کی اور زمینوں کی اور جو ان کے درمیان ہے اور جو زمین کی تہہ سے

الثَّرٰی وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ یَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰی اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ

نیچے ہے۔ اور اگر اونچی بات کرو (یا نہ) تو یقیناً وہ جانتا ہے پوشیدہ اور مخفی کو۔ اللہ کہ معبود برحق صرف وہی ہے اسی

الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی اَللّٰهُ عَظِیْمُ الْعُظَمَاءِ دَائِمُ النَّعْمَاءِ قَاهِرُ الْاَعْدَاءِ اَلرَّحْمٰنُ

کے لیے ہیں پاکیزہ نام، اللہ عظیم تمام عظمت والوں سے عظیم ہے۔ دائمی نعمتوں والا۔ دشمنوں پر غالب۔ مخلوق

الْعَاطِفُ عَلٰی خَلْقِهٖ بِرِزْقِهٖ الْمَعْرُوْفُ بِلُطْفِهٖ الْعَادِلُ فِیْ حُكْمِهٖ

پر غایت رحمت و عنایت والا ہے ساتھ رزق رسانی کے۔ معروف ہے لطف و کرم کے ساتھ عادل ہے ہر حکم میں

اَلْعَالِمُ فِیْ مُلْكِهٖ رَحِیْمًا بِخَلْقِهٖ رَحِیْمُ الرُّحَمَاءِ عَلِیْمُ الْعُلَمَاءِ بَصِیْرُ

عالم ہے ملک میں موجود ہر شئی کا۔ مخلوق پر رحیم ہے سب رحمت والوں سے زیادہ۔ علیم ہے سب اہل علم سے زیادہ سب اہل

الْبُصَرَاءِ غَفُوْرُ الْغُفَرَاءِ بَاعِثُ الْاَنْبِیَاءِ صَاحِبُ الْاَوْلِیَاءِ سُبْحَانَهٗ

بصیرت سے زیادہ بصیر ہے۔ سب اہل مغفرت سے زیادہ بخشنے والا ہے۔ انبیاء کو بھیجنے والا اولیاء کا ساتھی۔ پاک ہے

قَادِرٌ عَلٰی مَنْ یَّشَاءُ قَدِیْرٌ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَمِیْدِ ذِی الْعَرْشِ

قدرت والا جو چاہے اس پر کامل مقدس والا ہے۔ پاک ہے شہنشاہ بزرگ جو عظیم عرش کا

الْمَجِيْدِ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝ يَا رَبَّ الْاَرْبَابِ وَيَا مَالِكَ الرِّقَابِ وَ

مالک ہے موجود کر لینے والا ہے اپنی مراد کو۔ اے رب الارباب، اے رب الارباب، اے مخلوق کی ذاتوں کے مالک

يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ هَيِّئْ لَنَا سَبَبًا لَّا نَسْتَطِيْعُ لَهٗ

اے دروازے کھولنے والے۔ اے اسباب بنانے والے مہیا فرما ہمارے لیے وہ سبب کہ نہیں طاقت رکھتے اس کی

طَلَبًا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مَشْغُوْلِيْنَ بِاَمْرِكَ اٰمِنِيْنَ بِعَدْلِكَ اٰيِسِيْنَ مِنْ

طلب کی۔ اے اللہ ہمیں مشغول فرما اپنے احکام میں۔ امن والا بنا اپنے عدل سے۔ مایوس بنا دے

خَلْقِكَ اٰنِسِيْنَ بِكَ مُسْتَوْحِشِيْنَ عَنْ غَيْرِكَ رَاضِيْنَ بِقَضَآئِكَ

اپنی مخلوق سے تیرے ساتھ انس حاصل کرنے والے، وحشت محسوس کرنے والے تیرے ما سوا سے۔ راضی تیری قضا پر

صَابِرِيْنَ عَلٰى بَلَآئِكَ قَانِعِيْنَ لِعَطَآئِكَ شَاكِرِيْنَ لِنَعْمَآئِكَ مُتَلَذِّذِيْنَ

صابر تیری آزمائش پر۔ قناعت کرنے والے تیری عطا پر۔ شکر گزار تیری نعمتوں کے۔ لذت اندوز ہونے والے

بِذِكْرِكَ فَرِحِيْنَ بِكِتَابِكَ مُنَاجِيْنَ بِكَ فِيْٓ اٰنَآءِ اللَّيْلِ وَاَطْرَافِ النَّهَارِ

تیرے ذکر سے۔ فرحت ومسرت والے تیری کتاب کے ساتھ۔ تیرے ساتھ مناجات کرنیوالے رات کی ہر آن میں اور دن کے اطراف

مُبْغِضِيْنَ لِلدُّنْيَا وَمُحِبِّيْنَ لِلْاٰخِرَةِ مُشْتَاقِيْنَ اِلٰى لِقَآئِكَ مُتَوَجِّهِيْنَ اِلٰى

میں بغض رکھنے والے دنیا سے اور محبت رکھنے والے آخرت سے، تیری ملاقات کے مشتاق، تیری بارگاہ کی طرف

جَنَابِكَ مُسْتَعِدِّيْنَ لِلْمَوْتِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا

متوجہ و راغب، موت کے لیے تیاری کرنے والے، اے ہمارے رب ہمیں عطا فرما جس کا وعدہ فرمایا اپنے رسولوں کی زبان پر اور ہمیں

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

رسوانہ فرمانا قیامت کے دن۔ بیشک تو وعدہ کا خلاف نہیں کرتا۔ اے دروازے کھولنے والے۔ اسباب جوڑنے والے

وَيَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

دلوں اور نظروں میں تبدیلی لانے والے۔ اے حیرت زدگان کو راہ دکھلانے والے۔ اے فریادیوں کے فریاد رس

وَيَا مُفَرِّجَ الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّيْ قَضَيْتُ وَفَوَّضْتُ

اے غمزدگان کے غم دور کرنے والے میری امداد فرما۔ میں نے تجھی پر بھروسہ کیا اے میرے رب اور میں نے فیصلہ کیا اور سونپا

اَمْرِيْٓ اِلَيْكَ يَا رَازِقُ يَا فَتَّاحُ اَللّٰهُمَّ اَرِنَا حَقَآئِقَ الْاَشْيَآءِ كَمَا هِيَ تَوَفَّنَا

اپنے امور کو تیری طرف اے رازق۔ اے مشکل کشا۔ اے اللہ ہمیں دکھلا دے اشیاء کے حقائق جیسے کہ وہ ہیں۔ ہمیں وفات

مُسْلِمِيْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ وَادْفَعْ عَنَّا شَرَّ الظّٰلِمِيْنَ وَشَارِكْنَا

دنیا حالت اسلام پر اور لاحق کرنا صالحین کے ساتھ۔ اور دور فرما ہم سے ظالموں کا شر اور ہمیں شریک فرما

فِيْ دُعَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَنَبِّهْنَا عَنْ نَّوْمَةِ الْغَافِلِيْنَ وَارْزُقْنَا شَفَاعَةَ

اہل ایمان کی دعاؤں میں اور ہمیں بیدار فرما اہل غفلت کی نیند سے اور ہمیں نصیب فرما سیّد المرسلین

سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ اٰمِنِيْنَ وَاحْشُرْنَا مَعَ الْمُتَّقِيْنَ

کی شفاعت اور داخل فرما ہمیں جنت میں سلامتی کے ساتھ حالت امن میں اور ہمارا حشر فرمانا متقین کے ساتھ

وَخَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ يَا مُجِيْرُ اَللّٰهُمَّ اِنْ تَرْحَمْنِيْ فَاَنْتَ اَهْلٌ وَّاِنْ

اور ہمیں خلاصی دے آگ سے اے پناہ دینے والے۔ اے اللہ اگر مجھ پر رحم فرمائے تو تو اس کا اہل ہے۔ اور اگر

تُعَذِّبْنِيْ فَاَنَا اَهْلٌ فَارْحَمْنِيْ يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَيَآ اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ

مجھے عذاب دے تو میں اس کے لائق ہوں پس مجھ پر رحم فرما اے تقویٰ اور اے مغفرت کی شان والے۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ افْعَلْ بِيْ وَبِهِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَ

اے اللہ، اے میرے رب کرنا ساتھ میرے اور ان کے جلدی میں اور تاخیر سے دین میں اور دنیا اور

الْاٰخِرَةِ مَآ اَنْتَ لَهٗٓ اَهْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا يَا مَوْلٰنَا مَا نَحْنُ لَهٗٓ اَهْلٌ اِنَّكَ

آخرت میں جس کا تو اہل ہے اور نہ کرنا ساتھ ہمارے اے مولیٰ جس کے ہم حقدار ہیں۔ بے شک تو

عَفُوٌّ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ جَوَادٌ قَدِيْمٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ

درگزر والا۔ بہت مغفرت والا۔ بردباری والا۔ صاحب جود و کرم۔ بے ابتداء، صاحب کرم، شہنشاہ، محسن، مہربان۔ رحم والا ہے۔ اے اللہ مجھے

بِرَاْفَتِكَ يَا نَافِعُ وَيَا رَافِعُ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ يَآ

ہدایت دے اپنی عنایت سے۔ اے نافع۔ اے بلندی بخشنے والے مجھے وفات دینا حالت اسلام میں اور لاحق فرمانا صالحین کے ساتھ اے

اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ وَيَا خَيْرَ الْغَافِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

ارحم الراحمین۔ اے سب اہل مغفرت سے برتر ساتھ اپنی رحمت کے۔ اے سب سے زیادہ رحمت والے۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے فرمایا حضرت
لِجَابِرٍ اِذْهَبْ مَعَ هٰذَا الْجَمَلِ فَهُوَ یَدُلُّكَ عَلٰی صَاحِبِهٖ وَاُخْرِجَ رَجُلٌ مِّنْ
جابر رضی اللہ عنہ کو اس اونٹ کے ساتھ جاؤ وہ تمہاری رہبری کرے گا اپنے مالک کی طرف۔ اور نکالا گیا ایک شخص
کُلِّ اَرْضٍ بِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
ہر زمین سے آپ کی وجہ سے یعنی قبر سے باہر پھینک دیا جاتا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جن کی
مَا اَصَابَ بِهِ الْقَحْطُ بَنِی الْبَكَّآءِ وَنَادَتْهُ ظَبْیَةٌ اِصْطَادَهَا اَعْرَابِیٌّ یَا رَسُوْلَ
بدولت قحط نہ پہنچا بنی البکاء کو اور پکارا آپ کو ہرنی نے جسے اعرابی نے شکار کیا تھا جنگل سے
اللّٰهِ فِی الصَّحْرَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
یا رسول اللہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر
الَّذِیْ ضَمِنَ الْغَزَالَ لِاِرْضَاعِ خَشْفَیْهَا فَوَفَتْ بِالْوَعْدِ وَالْمِیْعَادِ وَصَارَ بِهِ
جو کہ ضامن ہوئے ہرنی کے بچوں کو دودھ پلانے کیلئے تو اس نے اپنے عہد و پیمان کو پورا کیا اور بن گئیں آپ کی
الْغُصُوْنُ سِهَامًا فِی الْجِهَادِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
بدولت شاخیں تیر جہاد کے موقعہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ شَهِدَ بِرِسَالَتِهِ الْاَوْثَانُ الَّتِیْ جَآءَ بِهَا اَهْلُ الْیَمَنِ
کی آل پر جن کی رسالت کی گواہی دی ان بتوں نے جنہیں اہل یمن لائے تھے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَرْسَلَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر جنہوں نے بھیجا
الزَّادَ اِلٰی وَاحِدٍ مِّنْ اَصْحَابِ النِّسْیَانِ وَجَآءَ اِلَیْهِ جِنِّیٌّ فِیْ صُوْرَةِ الثُّعْبَانِ
سفر خرچ اہل نسیان میں سے ایک کی طرف اور حاضر ہوا ایک جن آپ کی خدمت میں اژدہا کی صورت میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ انْبَجَسَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی بدولت اُبلنے لگا

مِنَ الْحَجَرِ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ بِهِ الْمَآءُ الْكَثِیْرُ وَفَاحَتْ بِرِیْقِهِ الْبِیْرُ اَللّٰهُمَّ
پتھر سے غزوۂ تبوک میں بہت پانی اور مہک اٹھا آپ کے لعاب دہن سے کنواں۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ لَتُقْسَمَنَّ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے فرمایا کہ ہر حال میں تقسیم کئے
فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ كُنُوْزُ قَیْصَرَ وَاَنْبَاَ عَنْ وُقُوْعِ نَارِ الْحِجَازِ وَاَخْبَرَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
جائیں گے قیصر و روم کے خزائن راہ خداوند تعالیٰ میں۔ اور خبر دی آپ نے حجاز مقدس میں وقوع پذیر آگ کے متعلق۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ مَا نَقَصَ بِهِ تَمْرُ
و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی بدولت نہ کم ہوئیں کھجوریں
بُسْتَانِ اَبِیْ اُسَیْدٍ بَعْدَ الْاِنْتِقَاصِ وَبَقِیَ بِهِ الرَّعْشُ وَالْعِوَجُ لِحَكَمِ بْنِ اَبِی
ابو اُسید کے باغ کی بعد کمی واقع ہو چکنے کے۔ اور آپ کی وجہ سے باقی رہا رعشہ اور کجی حکم بن ابی
الْعَاصِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
العاص میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو کہ
كَانَ اِذَا اَرَادَ رُكُوْبَ دَآبَّةٍ تَبْرُكُ وَتَهَیَّاُ لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا
سواری پر سوار ہونے کا ارادہ فرماتے تو وہ بیٹھ جاتی اور تیار ہوتی ان کے لیے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ اَصْلَحَ الْیَدَ الْیَابِسَةَ لِلْجَارِیَةِ وَمَا شَبِعَ
محمد و آل محمد پر جنہوں نے درست فرما دیا لونڈی کا خشک ہاتھ اور نہ سیر ہوئے آپ کے فرمان کی وجہ
بِهٖ مُعَاوِیَةُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
سے امیر معاویہ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
الَّذِیْ جَآءَهٗ جِبْرِیْلُ بِاَرْبَعِ تُفَّاحَاتٍ هَدِیَّةً لِّلْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ اَللّٰهُمَّ
جن کی خدمت میں جبرئیل امین چار سیب لائے خلفاء راشدین کے لیے ہدیہ کے طور پر۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ بُوْرِكَتْ ثَلٰثُ بَیْضَاتٍ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کی وجہ سے بابرکت ہو گئے تین انڈے

بِيُمْنِهِ وَكَانَ يُكَلِّمُهُ كُلُّ طَائِرٍ فَيُجِيْبُهُ بِلِسَانِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور آپ سے ہر پرندہ کلام کرتا تھا پس اسے جواب دیتے تھے اس کی زبان میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ حُضِرَتْ بِهِ الْجَفْنَةُ الْمُكَلَّلَةُ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی بدولت حاضر کیا گیا بڑا پیالہ جو موتیوں سے مرصع تھا
بِالْجَوَاهِرِ الْمَمْلُوَّةِ مِنَ الثَّرِيْدِ لِفَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ رض اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اور بھرا ہوا تھا ثرید سے واسطے سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَقَامَ عَمَّهُ الْمَرِيْضَ اَبَا طَالِبٍ
سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے اپنے مریض چچے ابوطالب صاحب کو کھڑا کر دیا
بِالدُّعَآءِ وَذَهَبَ بِكِتَابِهِ جِبْرِيْلُ اِلٰى جَعْفَرِ الطَّيَّارِ رض بِالْحَبَشَةِ وَجَآءَهُ بِالْجَوَابِ
اپنی دعا سے اور لے گئے آپ کے خط کو جبریل امین جعفر طیار کی طرف حبشہ میں اور جواب لائے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْٓ اَشْبَعَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے سیر فرمایا اپنے
جَيْشَهُ فِىْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ بِبِضْعِ عَشَرَةِ تَمْرَةٍ وَاَشْبَعَ الْجَيْشَ كُلَّهُمْ بِتَمْرِ مِزْوَدِ
لشکر کو غزوہ تبوک میں پندرہ سولہ کھجوروں سے اور سیر فرمایا تمام لشکر کو ابوہریرہ کے توشہ دان
اَبِىْ هُرَيْرَةَ رض اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ
کی کھجوروں سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کی بدولت
قَامَ بِهِ التَّمْرُ لِاَبِىْ هُرَيْرَةَ رض فِى الْمِزْوَدِ وَاَمَرَ سَارِقَ نَاقَةٍ عَلٰٓى اَنْ يَّحْلِفَ اَنَّهُ
دیر پا ہو گئیں کھجوریں ابوہریرہ کے توشہ دان میں اور حکم دیا اونٹنی چرانے والے کو جس نے حلف اٹھائی کہ اس نے
لَمْ يَسْرِقْهَا بِالرَّدِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ
اسے نہیں چرایا اسے لوٹا دینے کا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر
الَّذِىْ دَرَّ لِلشَّاةِ اللَّبَنَ لِمِقْدَادِ الْاَسْوَدِ وَدَعَا عَلٰى رَجُلٍ قَطَعَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةَ
جن کی برکت سے اترا بکری کا دودھ مقداد بن الاسود کے لیے اور دعا فرمائی اس شخص کے خلاف جس نے آپ کی نماز قطع کی تھی

فَمَا قَامَ حَتّٰى مَاتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
پس وہ تا دم مرگ نہ اُٹھ سکا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ نَبَعَ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ الْمَآءُ فِى الزَّوْرَآءِ وَحَلَبَ ظَبْيَةً فَاَرْوٰى
پر جن کی انگلیوں کے درمیان سے پانی کے چشمے اُبلے مقام زوراء میں اور ہرنی کا دودھ نکال کر سیراب فرمایا
ثَلٰثَ مِائَةِ رَجُلٍ مِّنَ الرُّفَقَآءِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
تین سو رفقاء سفر کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام فرما سیدنا محمد و
عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ رض بْنِ عَمْرٍو وَبَشِّرْ قَاتِلَ
آل محمد پر جنہوں نے فرمایا عبد اللہ بن عمرو کو کہ بشارت دینا عمار بن یاسر کے
عَمَّارٍ رض بِالسَّعِيْرِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
قاتل کو آتش دوزخ کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ قَرَءَ الْحَجَرُ الَّذِىْ حَمَلَ مَعَهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
پر کہ پڑھا اس پتھر نے جو لیلۃ الجن میں ساتھ اٹھا رکھا تھا لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
اللّٰهِ لَيْلَةَ الْجِنِّ حِيْنَ رَجَعَ وَاَبْرَءَ سَاقَ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اَللّٰهُمَّ
جبکہ واپس ہوئے اور درست فرمائی سلمہ بن اکوع کی پنڈلی۔ اے اللہ
صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ كُتِبَ بِنْ غَيْرِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل پر کہ جن کے حکم سے قلم نے لکھا
كَاتِبٍ بِاَمْرِهِ الْقَلَمُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
بغیر کاتب کے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ سَاَلَهُ حَجَرٌ اَنْ يَّدْعُوَلَهُ اَنْ لَّا يَجْعَلَهُ اللّٰهُ مِنْ اَحْجَارِ جَهَنَّمَ
پر کہ جن سے درخواست کی پتھر نے کہ اس کے لیے دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اسے جہنم کے پتھروں سے نہ بنائے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِىْ خَلَعَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے جوتا

النّعلةَ فی اثناءِ الصّلوٰةِ وزادَ فی غزوةِ تبوكَ فضلَ ازوادِ الغزاةِ اللّٰهمَّ
اُتار دیا نماز کے دوران اور بڑھا دیا غزوۂ تبوک میں غازیوں کا بچا کھچا زاد راہ ۔ اے اللہ
صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی زادَ بہٖ ماءُ بیرِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کی بدولت بڑھ گیا بنو سعد کے کنوئیں
بنی سعدٍ وما نقصَ بہِ الماءُ من المزادتینِ بالاِراقةِ اللّٰهمَّ صلِّ
کا پانی اور نہ کم ہوا آپ کی برکت سے بڑھیا کی دو بڑی مشکوں کا پانی ان سے پلٹنے کے باوجود ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی کلّمتهُ صخرةُ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن سے کلام کیا بیت المقدس
بیتِ المقدّسِ واخضرَّ تحتَ جبینهِ الکلاءُ الیابسُ اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم
کے پتھر نے اور سرسبز ہو گیا آپ کی جبین اقدس کے نیچے خشک گھاس ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی جرحهٗ کلدةُ فاعلمتِ
فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہیں کلدہ نے زخمی کیا پس ہرنی نے
الظّبیةُ بذٰلكَ حمزةَ سیّدَ الشّھداءِ واثمرتْ بہٖ لحمزةَ اشجارُ الصّحراءِ
اس کی اطلاع دی حضرت حمزہ سید الشہداء رضی اللہ عنہ کو اور پھلدار ہو گئے آپ کی برکت سے حضرت حمزہ کیلئے صحراء کے درخت
اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی طارَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جنکی بدولت اڑ کر پہنچے
بہِ التّمرُ لفاطمةَ الزّھراءِ وعذبَ لبیرِ اریسٍ بہِ الماءُ اللّٰهمَّ صلِّ و
چھوہارے حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ عنہا کے پاس اور شیریں ہو گیا بیئر اریس کا پانی آپ کی برکت سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی انفلقَ بہِ البحرُ
سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے طفیل پھٹ گیا سمندر
لجعفرِ الطّیّارِ ورفقائهٖ حتّٰی ظھرَ لھم طریقٌ یابسٌ فی اثناءِ البحرِ
حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کے لیے حتی کہ نمودار ہو گیا ان کے لیے خشک راستہ سمندر کے درمیان

اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی کلّمَ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی شان میں
العجلُ فی شانهٖ عمرَ ابنَ الخطّابِ وصلّی الجنازةَ علی النّجاشیّ یومَ
بچھڑے نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے کلام کیا ۔ اور نماز جنازہ پڑھی نجاشی پر جس دن
ماتَ اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی
اس کا انتقال ہوا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی
سمعَ عمرُ خبرهٗ من الصّنمِ وسمعَ عمرُ نباٰهُ من الغنمِ اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم
خبر حضرت عمر نے بت کی زبانی سنی اور ان کی خبر حضرت عمر نے بھیڑوں کی زبانی سنی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی رزقَ بہِ الشّھادةَ نعمانُ
فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی بدولت نعمان بن مقرن کو
بنُ مقرنٍ وکلّمهٗ فی بیتهِ الدّاجنُ اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ
شہادت کی سعادت ملی اور کلام کیا ان سے پالتو بکری نے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر
وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی وجدَ بنورهِ الابرةَ سلمانُ الفارسیُّ و
اور آپ کی آل اطہار پر کہ ڈھونڈ لی جن کے نور انوار کے سبب سلمان فارسی نے گم شدہ سوئی اور
جاءتْ لدعوتهِ السّلمةُ الیهِ وشھدتْ برسالتهٖ لطلبِ الاعرابیِّ
آپ کے بلانے پر کیکر کا درخت حاضر خدمت ہوا اور رسالت کی گواہی دی ایک اعرابی کے مطالبہ پر ۔
اللّٰهمَّ صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کی خدمت
جاءتْ الیهِ شجرةٌ لطلبِ اعرابیٍّ اٰخرَ فقبّلَ یدیهِ ورجلیهِ اللّٰهمَّ
میں حاضر ہوا درخت دوسرے اعرابی کے مطالبہ پر تو اس نے آپ کے ہاتھوں اور پاؤں کو بوسہ دیا ۔ اے اللہ
صلِّ وسلِّم علٰی سیّدنا محمّدٍ وّعلٰی اٰلِ سیّدنا محمّدٍ الّذی ما
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کی بدولت نہ

احترق منديله الذی كان عند انسؓ وما وقع به جريرؓ عن
جلد ان کا رومال جو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس تھا اور نہ گرے آپ کے طفیل حضرت جریر اپنے
الفرس اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى ال سيّدنا
گھوڑے سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر
محمّدن الّذی اُتی بصبیّ قد شبّ ولم يتكلّم قطّ فقال له من
کہ جن کی خدمت میں لایا گیا ایک بچا جو بلوغت کے قریب تھا اور ابھی کلام نہیں کی تھی تو آپ نے فرمایا میں
هذا قال رسول الله اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى
کون ہوں تو اس نے کہا اللہ کے رسول۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور
ال سيّدنا محمّدن الّذی لم يكن على حال يّماشيه احدٌ يّنسب الى
آپ کی آل پر جو تھے اس شان کے مالک کہ جو بھی دراز قامت شخص آپ کے ساتھ مل کر چلتا
الطّول الّا علاه اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى ال
تو آپ اس سے بلند و بالا معلوم ہوتے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ
سيّدنا محمّدن الّذی قال لعلیّؓ انّك لن تموت حتّى تصير اميرا
کی آل اطہار پر جنہوں نے فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کہ تم ہرگز فوت نہیں ہوگے یہاں تک کہ امیر المومنین بنو گے
ورای فوق راسه ابوجهل ثعبانا كبيرا اللّٰهم صلّ وسلّم على
اور دیکھا ابوجہل نے آپ کے سر اقدس پر بہت بڑا اژدہا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سيّدنا محمّد وّعلى ال سيّدنا محمّدن الّذی اخذ رايته يوم احد ملكٌ
سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کا پرچم پکڑا اُحد کے دن ایک فرشتے نے
على صورة مصعبؓ بن عمير اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى
جو کہ حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کی صورت پر تھا۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور
ال سيّدنا محمّدن الّذی نبّا بانّ الزّبيرؓ يندم من حرب علیّؓ بن ابی
آپ کی آل پر جنہوں نے بتلایا کہ حضرت زبیر نادم ہوں گے حضرت علی بن ابی طالب کی رضی اللہ عنہ کے خلاف

طالب واطعم من المزادة ثمان مائة راكب اللّٰهم صلّ وسلّم على
جنگ سے اور کھلایا آپ نے توشہ دان سے آٹھ سو سواروں کو۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سيّدنا محمّد وّعلى ال سيّدنا محمّدن الّذی كلّمته النّاقة فی صاحبها
سیّدنا محمدؐ و آل محمدؐ پر کہ جن سے کلام کیا اونٹنی نے اپنے مالک کے بارے میں
فقالت انّه ما سرقنی ولا ملكنی احدٌ سواه ورفع من اجله ابوجهل
پس اس نے کہا کہ اس نے مجھے نہیں چرایا اور نہ کوئی مالک ہوا میرا اس کے سوا اور اٹھایا ابوجہل نے ان پر
حجرا فيبست يداه اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى ال سيّدنا
پتھر تو آپ کی وجہ سے اس کے ہاتھ خشک ہو گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ و آل محمدؐ
محمّدن الّذی ابرا لابی جهل يديه اليابستين وجاء جبريل بتفّاحة
پر جنہوں نے ابوجہل لعین کے دونوں خشک ہاتھ درست فرما دیئے اور لائے جبرئیل امین ایک سیب
لتصارع الحسنؓ والحسينؓ اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّ
حضرت حسن و حضرت حسین رضی اللہ عنہما کی کشتی کے موقعہ پر۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور
على ال سيّدنا محمّدن الّذی اری الصّحابة فی يده تراب مضجع
آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے صحابہ کرام کو دکھلائی اپنے ہاتھ میں مٹی حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی
الحسينؓ عليه الرّضوان اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى
شہادت والی جگہ کی۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ و
ال سيّدنا محمّدن الّذی دعا لدوس وّثقيف فجاءوا معترفين له
آل محمدؐ پر جنہوں نے دعا فرمائی قبیلہ دوس اور ثقیف کے لیے تو وہ حاضر خدمت ہوئے آپ کے لیے ایمان
بالايمان اللّٰهم صلّ وسلّم على سيّدنا محمّد وّعلى ال سيّدنا محمّدن
تصدیق کا اعتراف کرتے ہوئے۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر
الّذی اعطى امّ سلمةؓ ترابا مّن مّقتل الحسينؓ وقال انّ هذا
جنہوں نے عطا کی حضرت اُمّ سلمہ کو مقتل حسین کی مٹی اور فرمایا جب یہ مٹی

التُّرَابَ إِذَا صَارَ دَمًا فَاعْلَمِي أَنَّهُ قَدْ قُتِلَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
خون بن جائے تو یقین کرنا کہ وہ شہید ہو چکے ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي كَانَ إِذَا مَشٰى عَلَى الرَّمْلِ
سیّدنا محمّد و آل محمّد پر جو محبوب ریت پر چلتے تو وہ
كَانَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ حَائِلٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آپ کے اور دشمنوں کے درمیان حائل ہو جاتی ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي قَالَ تَخْرُجُ لِلْجِهَادِ وَتَمُوتُ بِالْحُمّٰى لِذِي
آپ کی آل پر جنہوں نے فرمایا ذوالبجادین کو کہ تو جہاد کے لیے نکلے گا اور تپ کے عارضہ میں
الْبِجَادَيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
وفات پائے گا ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر
الَّذِي إِذْ دَلَفَتْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنَ الْبُدُنَاتِ وَقْتَ النَّحْرِ إِلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
کہ بھیڑ کرنے لگے قربانی کے تمام اونٹ قربانی کے وقت ان کے پاس ۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي سَمِعَ صَوْتَ مَلَكٍ فِي
سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے سنی فرشتے کی آواز بادل میں سے
السَّحَابِ يَقُولُ إِسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
کہ سیراب کر فلاں بن فلاں کے باغ کو ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي رُفِعَ لَهُ الْكَعْبَةُ عِنْدَ
فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کے سامنے کر دیا گیا کعبہ شریف
بِنَاءِ مَسْجِدِهِ وَرَأَى أَبُو جَهْلٍ بَعِيرًا فَوْقَ رَأْسِهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
مسجد مدینہ کی تعمیر کے وقت ۔ اور دیکھا ابوجہل نے اونٹ کو (محافظت کرتے) آپ کے سر پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و
سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي وَضَعَ كَفَّهُ عَلٰى
سلام نازل فرما سیّدنا محمّد و آل محمّد پر جنہوں نے رکھی اپنی ہتھیلی عمیرہ

كَبِدِ عُمَيْرَةَ رضی بِنْتِ سَهْلِ الْأَنْصَارِيِّ فَمَا زَالَتْ تَجِدُ عَلٰى كَبِدِهَا بَرْدَ يَدِهِ
بنت سہل انصاری کے جگر پر تو وہ ہمیشہ اپنے جگر پر آپ کے دست اقدس کی ٹھنڈک محسوس کرتی رہی
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي ضَمَّ
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے جوڑ دیا
الْيَدَ الْمَقْطُوعَةَ لِابْنِ غَفَّالٍ وَّأُخْفِيَ بِهِ خَبَرُهُ عَنْ أَهْلِ مَكَّةَ حَتّٰى فَتَحَهَا
ابن غفال کے کٹے ہوئے ہاتھ کو اور مخفی رکھی گئی ان کی حالت اہل مکہ سے (حملہ آوری کے دوران) حتیٰ کہ فتح کیا اس
بِغَيْرِ قِتَالٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
کو بغیر جنگ کے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد و آل محمّد پر
الَّذِي كَلَّمَ الصَّنَمَ بِيُمْنِهِ عِكْرِمَةَ رضی وَكَانَ يَرٰى مَا وَرَاءَ الْجَبَلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
کہ جن کی برکت سے کلام کیا بت نے عکرمہ کے ساتھ اور آپ دیکھتے تھے پہاڑ کے پیچھے سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي دَرَّ لِشَاةِ أَنَسٍ رضی بِهِ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد و آل محمّد پر کہ جن کی بدولت حضرت انس کی بکری کا دودھ
اللَّبَنُ وَكَلَّمَهُ الْمَيِّتُ بَعْدَ مَا أُدْرِجَ فِي الْكَفَنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
اترا ۔ اور کلام کیا آپ سے میت نے کفن دیئے جانے کے بعد ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي مَاتَ بِهِ الْفَرَسُ الَّذِي
سیّدنا محمّد و آل محمّد پر کہ جن کی وجہ سے مر گیا وہ گھوڑا جو آپ نے
اِشْتَرَاهُ مِنْ أَعْرَابِيٍّ فَأَنْكَرَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ الظِّلُّ فِي الشَّمْسِ وَلَا فِي الْقَمَرِ
اعرابی سے خریدا پس اس نے اس سودے کا انکار کر دیا ۔ اور نہیں تھا آپ کے لیے سایہ نہ دھوپ میں اور نہ چاند کی چاندنی میں
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِي
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ جن کے لیے
اِنْقَادَتْ كَالْبَعِيرِ الْمَخْشُوشِ مَعَهُ الشَّجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِي اَللّٰهُمَّ
اطاعت کی نکیل والے اونٹ کی مانند دو درختوں نے جو وادی کے کنارے پر تھے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار پر کہ جنھوں نے فرمایا

لِعَلِیٍّ رضی اللہ عنہ اِنَّ حِقْدَكَ فِیْ صُدُوْرِ قَوْمٍ لَّا یُظْهِرُوْنَ اِلَّا بَعْدِیْ اَللّٰهُمَّ
حضرت علی رضی اللہ عنہ کو آپ کے ساتھ ایک گروہ کے سینوں میں کینہ ہے جس کو وہ میرے بعد ہی ظاہر کریں گے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَشْبَعَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار پر جنھوں نے سیر فرمایا

مِائَةً وَّثَلٰثِیْنَ رَجُلًا بِصَاعٍ مِّنْ دَقِیْقٍ وَبِسَوَادِ بَطْنِ شَاةٍ اَللّٰهُمَّ
تیس اشخاص کو ایک صاع آٹے سے اور بکری کے قلب وجگر سے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ كَیْفَ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار پر جنھوں نے فرمایا ابوذر رضی اللہ عنہ کو

بِكَ اِذَا كَانَ بِالْمَدِیْنَةِ جُوْعٌ لِّاَبِیْ ذَرٍّ رضی اللہ عنہ وَخَاطَتْ بِنُوْرِ اَسْنَانِهٖ اِمْرَاَةٌ وَّ
تیرا کیا حال ہوگا جبکہ مدینہ میں بھوک کی شدت ہوگی اور آپ کے دانتوں کے نور پر ایک عورت نے سلائی کی اور

غَزَلَتْ اُخْرٰی اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا
دوسری نے سوت کاتا۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَحْیَی الْمَوْءُوْدَةَ وَجَآءَ الْاِعْصَارُ بِنَاقَةٍ مَّفْقُوْدَةٍ اَللّٰهُمَّ
پر جنھوں نے زندہ درگور کی ہوئی کو زندہ فرمایا اور گردباد لے آیا گم شدہ اونٹنی کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْٓ اَشَارَ اِلَی الشَّجَرَةِ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر جنھوں نے اشارہ فرمایا ایک درخت کی

فَامْتَدَّتْ عَلٰٓی اَصْحَابِهِ الْاَبْرَارِ وَرَاٰی اَبُوْجَهْلٍ عِنْدَهٗ فَارِسًا فَخَشِیَ اَنْ
طرف تو وہ پھیل گیا آپ کے اصحاب ابرار پر اور دیکھا ابوجہل نے آپ کے پاس شاہسوار پس خوفزدہ ہوگیا اس سے کہ

یَّاْكُلَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ
اسے کھانہ جائے۔ اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار پر کہ جن کی بدولت

عَذُبَ بِهٖ مَآءُ بِیْرِ جَابِرٍ رضی اللہ عنہ وَكَانَ یَرَی الْغَآئِبَ كَمَا یَرَی الْحَاضِرَ اَللّٰهُمَّ
شیریں ہوگیا حضرت جابر کے کنویں کا پانی اور آپ دیکھتے تھے غائب کو جیسے دیکھتے تھے حاضر کو۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ رضی اللہ عنہ
صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار پر جنھوں نے فرمایا حضرت عبداللہ بن مسعود کو

قُلْ لِّهَاتَیْنِ الشَّجَرَتَیْنِ الْتَئِمَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاجْتَمَعَتَا
کہ ان دو درختوں سے کہو کہ رسول اللہ (کے پردہ) کے لیے باہم مل جاؤ تو وہ دونوں مل گئے آپ کے لیے

لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ عَلَّمَ
اے اللہ صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آل پر جنھوں نے تیمم

التَّیَمُّمَ اَبَا هُرَیْرَةَ رضی اللہ عنہ قَبْلَ اَنْ سَاَلَهٗ وَنَبَتَ الْكَلَاُ تَحْتَ جَبِیْنِهٖ اَللّٰهُمَّ
سکھلا دیا ابوہریرہ کو پہلے اس کے کہ وہ سوال کرتے اور اگا سبزہ آپ کی جبین اقدس کے نیچے۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ قَالَ لِجَابِرٍ رضی اللہ عنہ قُلْ
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر جنھوں نے فرمایا حضرت جابر کو کہ ان دو

لِهَاتَیْنِ الْتَقِیَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَانْضَمَّتَا لَهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
درختوں سے کہو باہم مل جاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے (پردہ کے) لیے تو وہ مل گئے۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ نَالَتْ عَآئِشَةُ رضی اللہ عنہا بِدُعَآئِهٖ
وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپ کی آلِ اطہار پر کہ جن کی دعا سے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے

مَا قَالَتْ مِنَ الْفَضْلِ وَسَاَلَتْهُ الْجِبَالُ اَنْ یَّطَاَ عَلَیْهَا بِالنَّعْلِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
بہت بڑی فضیلت پائی۔ اور درخواست کی ان سے پہاڑوں نے کہ انہیں جوتوں کے ساتھ پامال کریں۔ اے اللہ صلوٰۃ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ صَارَتْ لَهُ الْاَرْضُ
وسلام نازل فرما سیّدنا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر کہ جن کے لیے ہو گئی زمین چٹیل میدان

قَاعًا اِذْ ذَهَبَ مِنْ غَیْرِ الطَّرِیْقِ اِلَی الْحُدَیْبِیَّةِ وَقَبَضَ یَدَهٗ لِبَیْعَةِ اَبِیْ شَهْمٍ
جب کہ چلے عام راستہ سے ہٹ کر حدیبیہ کی طرف اور روک لیا اپنا ہاتھ ابوشہم کی بیعت کے وقت

لَمَّا فَعَلَ بِالْمَرْاَةِ الْاَجْنَبِيَّةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

بسبب اس فعل کے جو کیا اس نے اجنبی عورت کے ساتھ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىٓ اُرْعِدَتْ يَدَآ اَعْرَابِىٍّ اِخْتَرَطَ سَيْفَهٗ مِنْ اَجْلِهٖ

آپ کی آل اطہار پر کہ آپ کی بدولت لرزنے لگے اعرابی کے ہاتھ جب اس نے آپ پر تلوار سونتی

عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

علیہ الصلواۃ والسلام ۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كُشِفَ الْحُجُبُ عَنْ عَلِىٍّ اِذْ صَعِدَ عَلٰى مَنْكِبَيْهِ وَ

آل پر کہ جن کی بدولت حضرت علی پر حجاب منکشف ہوگئے جب چڑھے ان کے کندھوں پر اور

كَلَّمَتْهُ الْكَلْبَةُ وَسَلَّمَتْ عَلَيْهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

کلام کیا آپ سے کتیا نے اور سلام پیش کیا آپ کو۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

عَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ مَلَاَ اللّٰهُ لَهٗ قِدْرَ فَاطِمَةَ مِنْ طَعَامِ الْجَنَّةِ

آپ کی آل اطہار پر کہ جن کے طفیل اللہ تعالیٰ نے بھر دی حضرت فاطمہ زہراء کی ہانڈی جنتی کھانے سے

حِيْنَ اَفَاضَتْهُ فَاَعْلَمَ بِذٰلِكَ اَصْحَابَهُ الْكِرَامَ وَمَسَحَ رِيْقَهٗ بِعَيْنِ عَلِىٍّ

جبکہ اس کو پلٹا پس آپ نے اپنے اصحاب کرام کو اس کی خبر دی اور اپنا لعاب دہن لگایا حضرت علی کی آنکھ پر

فَكَانَ يَرٰى مِنْ فَرْسَخٍ فِى الظَّلَامِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

تو آپ دیکھ لیتے تھے تین میل تک تاریکی میں۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور

اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ كَانَ كُلَّمَا ذَهَبَ اِلَى الْكَعْبَةِ اَضَآءَ النُّوْرُ مِنْ اَصَابِعِهِ

آپ کی آل پر جو کعبہ کی طرف جب بھی تشریف لے جاتے تو نور چمکتا آپ کی مبارک انگلیوں کے

الْمُبَارَكَةِ وَاَضَآءَ بِهٖ زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنُ اُخْتِ مَيْمُوْنَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ

درمیان سے اور نورانی ہوگئے آپ کے طفیل ام المومنین حضرت میمونہ کے بھانجے زیاد بن عبد اللہ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ بَشَّرَ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنہوں نے بشارت دی

سَعْدَ بْنَ اَبِىْ وَقَّاصٍ بِطُوْلِ عُمْرِهٖ وَزَادَ بِهٖ مَآءُ بِيْرِ زِيَادِ بْنِ الْحَارِثِ

حضرت سعد بن ابی وقاص کو درازئ عمر کی اور زیادہ ہوگیا آپ کی بدولت زیاد بن الحارث کے کنوئیں کا پانی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے طفیل

نَبَتَ بِهٖ بَيْنَ عَيْنَىْ فِرَاسٍ شَعْرَةٌ وَّكَلَّمَتْهُ الْعَنَاقُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ

اُگے فراس کے دو آنکھوں کے درمیان بال اور کلام کیا ان سے بکری کے بچے نے۔ اے اللہ صلواۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ بَكٰى عِنْدَهٗ جَمَلٌ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کے پاس اونٹ رویا تو

فَاسْتَوْهَبَهٗ مِنَ الْمَالِكِ فَاعْتَذَرَ وَسَمِعَ اَبُوْبَكْرٍ خَبَرَ بَعْثِهٖ مِنَ الشَّجَرِ

آپ نے اس کو مالک سے طلب کیا پس اس نے معذرت کی (اور شکایت دور کرنے کا عہد کیا) اور سنی ابوبکر صدیق نے ان کی بعثت کی خبر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ صَارَ

درخت سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر کہ ہوگئی تلوار ان

فِىْ يَدِهِ السَّيْفُ اَلْيَنَ مِنَ الشَّمْعِ فَقَطَعَهٗ ثُمَّ عَادَ اِلَى الْحَالَةِ الْاُوْلٰى بِهٖ

کے ہاتھ میں موم سے بھی نرم پس اسے کاٹا پھر سابقہ حالت پر ہوگئی یعنی سخت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ

اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر کہ جن کی برکت سے

اِمْتَلَاَتْ بِهٖ مِنَ السَّمْنِ عُكَّةُ اُمِّ اَوْسٍ وَّكَانَ يَشُمُّ بِاَنْفِهٖ رَآئِحَةَ

گھی سے بھر گیا ام اوس کا برتن اور آپ سونگھتے تھے جنت الفردوس کی خوشبو (زمین پر)

الْفِرْدَوْسِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا

اپنی ناک مبارک سے۔ اے اللہ صلواۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد

مُحَمَّدِ نِ الَّذِىٓ اُلْبِسَتْ فَاطِمَةُ مِنَ الْجَنَّةِ بِهِ الْاَثْوَابَ الْفَاخِرَةَ وَ

پر کہ جن کے طفیل حضرت فاطمہ زہراء کو جنت کے لباس فاخرہ پہنائے گئے اور

اغشى الملك بينه وبين امراة ابى لهب الكافرة اللهم

پردہ بنا دیا فرشتہ نے آپ کے اور ابولہب کی کافرہ بیوی کے درمیان۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي ماشاب

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد اور آل محمد پر کہ جن کے طفیل نہ بوڑھے ہوئے

به سائب بن يزيد وجعل الله له غشاوة على بصر الوليد اللهم

سائب بن یزید اور آپ کی خاطر اللہ تعالیٰ نے ڈالا پردہ ولید کی آنکھوں پر۔ اے اللہ

صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي اروى الحسن

صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنھوں نے سیراب فرمایا حضرت حسن

والحسين باللسان وبين لليهود ترجمة كلام سلمان اللهم صل

اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کو اپنی زبان (چسوانے) سے۔ اور واضح کیا یہود کے لیے سلمان فارسی کے کلام کا ترجمہ۔ اے اللہ صلواۃ

وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي انبا بان يصير

و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جنھوں نے خبر دیدی کہ ہوں گے

خليفة بعده ابوبكر ثم عمر ثم عثمان وبرق من اجله جبريل في

خلیفہ ان کے بعد ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان ذوالنورین اور عکس ڈالا آپ کی وجہ سے جبرئیل نے

فم سلمان اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد

حضرت سلمان کے منہ میں۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر

الذي حلب النعجة التي لم ينزل عليها الفحل اللهم صل وسلم

جنھوں نے دودھ نکالا اس دنبی سے جس سے ابھی نر جفتی بھی نہیں ہوا تھا۔ اے اللہ صلواۃ و سلام نازل

على سيدنا محمد وعلى آل سيدنا محمد الذي حدث اليهودي من ابوه

فرما سیدنا محمد و آل محمد پر جنھوں نے یہودیوں کو بتلایا کہ اصلی باپ ان کا کون ہے

حين جحد نسبه وانكر اللهم صل وسلم على سيدنا محمد وعلى آل

